© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**ترجمہ بلوغ المرام** | مرتبہ علامہ ابن حجر عسقلانی۔ شائع کردہ: نور محمد کارخانہ، تجارت کتب آرام باغ روڈ کراچی قیمت ساڑھے آٹھ روپے۔

بلوغ المرام سولہ سو احادیث کا مجموعہ ہے اور اسکی ترتیب و تبویب فقہی اسلوب پر کی گئی ہے تاکہ احادیث سے احکام اخذ کیے جائیں۔ اس مشہور کتاب کا اُردو ترجمہ ہمارے سامنے ہے جو مع متن شائع ہوا ہے مولانا محمد عبدالرشید نعمانی کے قلم سے فاضل مؤلف کا تعارف اور مولانا خیر محمد صاحب جالندھری کے قلم سے احادیث کی اصطلاحات اور اقسام پر ایک مفید جدول شامل ترجمہ ہے۔ ترجمہ سیدھا سادا اور خاصا رواں ہے۔ حواشی میں ضروری نکات کی شرح کردی گئی ہے۔ کتابت و طباعت کا معیار بہت پسندیدہ ہے دینی رجحانات رکھنے والے نوجوان طلبے کیلیے بہت مفید ہے۔

**تازیانے** | مولفہ: احمد بن محمد الیحیی۔ مترجمہ: مولانا ابوالبیان حماد۔ شائع کردہ: نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی قیمت مجلد مع رنگین گردپوش تین روپے ——— عربی زبان میں دینی و اخلاقی اقوال و کلمات کا ایک مجموعہ "المنبہات" کے نام سے موجود تھا، یہ اسی کا اردو ترجمہ ہے۔ اس مجموعہ میں آیات، احادیث، بزرگوں اور ادیبوں کے اقوال اور اشعار جمع ہیں۔ تبویب اس طرح ہے کہ پہلے دو نکات والے، پھر تین والے، چار والے، علیٰ ہذا القیاس آخر میں دس نکات والے اقوال و کلمات پیش کیے گئے ہیں۔ عربی زبان کے طالب علموں کے لیے تو بہت مفید چیز ہے لیکن وعظ و تصنیف کے کام میں بھی مدد دے سکتی ہے۔ اسے چونکہ ادبی اور واعظانہ نقطۂ نظر سے مرتب کیا گیا ہے لہٰذا نہ تو احادیث کا، اور نہ دوسرے اقوال کا اسنادی جائزہ لیا گیا ہے۔ رطب و یابس سب کچھ جمع ہے۔ مترجم صحیح دینی تصور سے آراستہ اور عربیت اور اردو ادب کے ذوق سے آشنا ہیں۔ جستہ جستہ حصص دیکھنے پر ترجمہ بامحاورہ اور رواں معلوم ہوا۔ البتہ کہیں کہیں ترقی کی گنجائش ہے۔ مثلاً قول ۵ (ص۲۵) میں "راس المال" کا ترجمہ "اصلی مالیت" کے الفاظ سے کیا گیا ہے، حالانکہ "سرمایہ" یا "سرمایۂ کار" وغیرہ کے الفاظ زیادہ موزوں تھے۔ حدیث ۳۵ (ص۱۲) کے ترجمے میں یوم لاظل الاظلہ کا پورا ٹکڑہ حذف ہوگیا ہے۔ طباعتی معیار متوسط اچھا!

**جبل خانہ** | مرتبہ سید نقی علی۔ ناشر: گوشۂ ادب، انارکلی، لاہور۔ قیمت مجلد مع رنگین گردپوش تین روپے۔

سید نقی علی صاحب وہ تاریخی شخصیت ہیں جسے مولانا کے ساتھ "قادیانی مسئلہ" کے ناشر ہونے کے

© rasailojaraid.com